رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عالیہ سال اول　　پرچہ: چوتھا　　مضمون: السیرۃ النبویۃ+العقیدۃ

تاریخ: 15-02-2024　　دن: جمعرات　　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　　کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: اللہ پاک کے ایک ہونے سے کیا مراد ہے اور وہ کونسا ایک ہے؟

سوال نمبر 2: کیا فرشتے، صحابہ کرام اور اہلبیت اپنی عبادت سے مقام انبیاء پا سکتے ہیں؟ دلیل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: صفات اضافیہ وفعلیہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 4: وحدت وجود کے معنی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: اللہ پاک کے ہماری شہ رگ سے زیادہ قریب ہونے کا کیا معنی ہے؟

سوال نمبر 6: صراط مستقیم کیا ہے؟

سوال نمبر 7: حضرت سری سقطی رحمتہ اللہ علیہ نے صوفی کی کیا تعریف کی؟

سوال نمبر 8: مراتب صحابہ کرام علیہم الرضوان تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: منکر عذاب قبر کا حکم بیان کرکے اس کے اثبات میں قرآنی دلیل سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 10: جنت اور اس کی کوئی سی تین نعمتیں قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر 11: مسجد نبوی کی توسیع میں خلفاء ثلاثہ کا کردار تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: ہجرت کے بعد آپ ﷺ نے صحابہ کے مابین بھائی چارہ کن کن امور میں فرمایا؟

سوال نمبر 13: آپ ﷺ نے مواخات کتنی بار اور کتنے مواقع پر قائم فرمائی؟

سوال نمبر 14: حضرت ابو ایوب اور ان کی زوجہ حضور ﷺ کے بچے ہوئے کھانے کے برتن سے کیسے برکت لیتے تھے؟

سوال نمبر 15: دار الحرب سے دار الاسلام کی طرف ہجرت کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: بیعت عقبہ ثانیہ میں عقبہ کے پاس کتنے مرد اور عورتوں نے حضور ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل کیا؟

سوال نمبر 17: فکر اور رائے کی آزادی کا انسان پر کیا اثر ہوتا ہے؟

سوال نمبر 18: "فکل من قلد فی التوحید　　ایمانہ لم یخل من تردید" ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 19: آپ ﷺ نے اپنی قوم کے کون سے عیوب بیان کئے جو انہیں اسلام کی طرف گامزن نہ ہونے دیتے تھے؟

سوال نمبر 20: آپ ﷺ پر سب سے پہلے ایمان لانے والوں کی کیا حالت تھی؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: موجود واحد سے کیا مراد ہے؟ تفصیلا تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: اہلسنت کے عقائد، صحابہ کے بارے میں کتنے اور کون کون سے بیان کیے گئے ہیں؟ تفصیلا تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: بیعت عقبہ اولیٰ اور ثانیہ کے مابین فرق تفصیلا بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: حضور اکرم ﷺ کو قریش کی طرف سے پہنچنے والی تکالیف پر ایک جامع نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: اسلام میں پہلی ہجرت کا واقعہ تحریر کیجئے۔